PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

سبحان احمدچیف آپریٹنگ آفیسر کے عہدے سے دستبردار

لاہور،22نومبر2019ء :

سبحان احمد 9 سال بعد پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف آپریٹنگ آفیسر کے عہدے سے دستبردار ہوگئے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے بورڈ آف گورنرز کو سبحان احمد کی عہدے سے دستبرداری سے متعلق جمعہ کے روز نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں ہونے والے اجلاس میں آگاہ کیا گیا۔

سبحان احمد:

سبحان احمد کا کہنا ہےکہ 25 سال سے زائدعرصہ پی سی بی سے وابستہ رہنے کے بعدان کے لیے آگے بڑھنے کے لیے یہ وقت بہترین ہے۔

سبحان احمد نے کہا کہ بین الاقوامی فورم پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی نمائندگی کرناایک اعزاز کی بات تھی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کو نیم پیشہ وار سے ایک مکمل پیشہ وار ادارہ بنانے کا سفر بھی بہترین رہا۔

سبحان احمد نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا شمار ملک میں کام کرنے والے بہترین اداروں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے تمام ساتھیوں کے تعاون اور رہنمائی کے شکرگزار ہیں جس طرح انہوں نے ایک جونیئرآفیسر سے چیف آپریٹنگ آفیسر تک اس سفر میں ان کا بھرپور ساتھ دیا۔ سبحان احمد نے کہا کہ وہ کبھی بھی اپنے ان ساتھیوں کے بغیراپنے اہداف حاصل نہ کرسکتے۔

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:

چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کہا کہ سبحان احمد نے عزت اور دیانتداری کے ساتھ پاکستان کرکٹ بورڈ کے لیے نمایاں خدمات ادا کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سبحان احمد گذشتہ کئی سالوں میں پی سی بی کو تبدیل کرنے اور کمرشل معاہدوں کے ذریعے ادارہ کو منافع دلوانے میں سب سے آگے رہے۔چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ اس پس منظر میں

سبحان احمد کا جانا دکھ کا سبب ہے۔

احسان مانی نے کہا کہ سبحان احمد جب پاکستان کرکٹ بورڈسے وابستگی کے اپنے سفر کو یاد کریں تو وہ ضرور فخر محسوس کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دور میں پاکستان کرکٹ بورڈ نے دنیا میں دیگر کرکٹ تنظیموں میں اپنا ایک مقام پیدا کیا ہے، یہی ان کی میراث ہے جو یہاں کام کرنے والوں کو متاثر کرے گی۔

چیئرمین پی سی بی احسان مانی نے کہا کہ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے سبحان احمد کی خدمات اور انتھک محنت کا شکریہ اداکرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ ان کے تجربے سے فائدہ اٹھاتا رہے گا اور مخصوص پراجیکٹس میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال بھی جاری رکھے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners